## 4130 ـ اسلام میں جلد گدوانے کا حکم

**سوال**

کیا اسلام میں جلد میں گدوانا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

الوشم: یعنی گدوانا یہ ہے کہ: جلد میں سوئی وغیرہ کے ساتھ سوراخ کر کے سرمہ بھرا جائے، تا کہ اس کا رنگ نیلا یا سبز ہو جائے، اور علماء کرام کے اجماع کے مطابق حرام ہے.

دیکھیں: المغنی ( 1 / 94 ).

امام بخاری اور مسلم رحمہما اللہ نے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت کیا ہے کہ:

" خوبصورتی کے لیے گودنے اور گدوانے، اور ابرو کے بال اکھیڑنے اور دانتوں کو رگڑنے والیوں پر اللہ تعالی کی لعنت ہے "

متفق علیہ.

دیکھیں: الؤلؤ و المرجان ( 2 / 175 ).

واللہ اعلم .